# 60 Question on the Godhead - With Bible Answers

## بائبل کے جوابات کے ساتھ خُدا کے سر کے بارے میں ساٹھ سوالات

1۔ کیا بائبل میں لفظ تثلیث ہے؟ جی نہیں۔

2۔ کیا بائبل یہ کہتی ہے کہ خُدا کے سر میں تین شخصیات ہیں؟ جی نہیں۔

3۔ کیا بائبل باپ، بیٹے، اور روُح اُلقدس کی بات کرتی ہے؟ جی ہاں۔

4۔ کیا اِن القابات کا مطلب جیسا کہ یہ متی 28:19 میں استعمال ہوا ہے یہ ہے کہ خُدا کے سر میں تین الگ اور فرق شخصیات ہیں؟ جی نہیں، یہ تین ذمہ داریاں، کرداروں یا انسانیت کے ساتھ تعلقات کا حوالہ ہے۔

5۔ کیا بائبل لفظ تین خُدا کے حوالے سے استعمال کرتی ہے؟ بائبل میں صرف ایک آیت پہلا یوحنا 5:7 ایسا کرتی ہے۔ یہ باپ، کلمہ (بیٹے کے بجائے) اور روح اُلقدس کی بات کرتی ہے اور یہ یوں کہتے ہوئے اختتام کرتی ہے کہ "یہ تینوں ایک ہی ہیں"۔

6۔ کیا بائبل لفظ ایک خُدا کے حوالے سے استعمال کرتی ہے؟ جی ہاں، کئی مرتبہ۔ مثال کے طور پر، دیکھئے زکریاہ 14:9؛ ملاکی 2:10 متی 23:9؛ مرقس 12:29,32؛ یوحنا 10:30؛ 8:41؛ رومیوں 3:30؛ پہلا کرنتھیوں 8:4؛ گلتیوں 3:20؛ پہلا تمیتھیس 2:5؛ یعقوب 2:19۔

7۔ کیا خُدا کے سر کے بھید کی جانکاری حاصل کی جا سکتی ہے؟ جی ہاں، رومیوں 1:20؛ کُلسیوں 2:9؛ پہلا تمیتھیس 3:16۔

8۔ کیا مسیحیوں کا صرف ایک آسمانی باپ ہے؟ جی ہاں، متی 23:9۔

9۔ پھر یسوع فلپس سے کیوں کہتا ہے، ''جس نے مُجھے دیکھا، اُس نے باپ کو دیکھا'' (یوحنا 14:9)؟ کیونکہ یسوع خُدا کی شخصیت کی واضح صُورت ہے۔ عبرانیوں 1:3۔ اِس آیت میں شخص کے لئے یونانی لفظ کا لُغوی مطلب ''مادہ'' ہے۔

10۔ کیا بائبل یہ کہتی ہے کہ خُدا کے سر میں دو شخصیات ہیں؟ جی نہیں۔

11۔ کیا بائبل یہ کہتی ہے کہ خُدا کے تمام سروں کا ظہور ایک شخص میں ہوتا ہے؟ جی ہاں، یسوع مسیح میں۔ دُوسرا کرنتھیوں 4:4؛ کُلسیوں 1:19;2:9؛ عبرانیوں 1:3۔

12۔ کیا الوہیت کا بھید کُچھ لوگوں سے پوشیدہ ہے؟ جی ہاں، لوقا 22-10:21۔

13۔ باپ کون ہے؟ باپ اکلوتا خُدا ہے خاص طور پر پدرانہ تعلقات میں انسانیت پر ظاہر ہوا۔ استثنا 32:6؛ ملاکی 2:10۔

14۔ خُدا باپ کہاں تھا جب یسوع دُنیا میں تھا؟ باپ مسیح میں تھا۔ یوحنا 14:10؛ دوُسرا کرنتھیوں 5:19۔ وہ آسمان پر بھی تھا، کیونکہ خُدا ہر جگہ موجود ہے۔

15۔ کیا یسعیاہ نبی نے کہا تھا کہ یسوع باپ ہوگا؟ جی ہاں، یسعیاہ 9:6;63:16۔

16۔ جب خُدا کہتا ہے، آوٴ ہم، انسان کو اپنی شبیہ پر بنائیں'' (پیدائش 1:26)، کیا وہ خُدا کے سر میں دوُسری شخصیت سے بات کر رہا ہے؟ جی نہیں، یسعیاہ 44:24، ملاکی 2:10۔

17۔ مسیح میں خُدا کی کتنی صفات تھیں؟ تمام۔ کُلسیوں 2:9۔

18۔ ہم اُس خُدا کو کیسے دیکھ سکتے ہیں، جس نے یسوع کو دُنیا میں بھیجا؟ یسوع کو دیکھنے سے۔ یوحنا 14:9؛45-12:44۔

19۔ کیا بائبل کہتی ہے کہ یسوع قادرِ مُطلق ہے؟ جی ہاں، مُکاشفہ 1:8۔

20۔ کُچھ لوگوں کے مُطابق تثلیث میں پہلی شخصیت کون ہے؟ خُدا باپ۔

21۔ کُچھ لوگوں کے مُطابق تثلیث میں آخری شخصیت کون ہے؟ رُوح القدس۔ لیکن یسوع نے کہا کہ وہی اوّل و آخر ہے۔ مُکاشفہ 18-1:17۔

22۔ یوحنا آسمان میں تخت پر کتنی شخصیات کو بیٹھے دیکھتا ہے؟ ایک، مُکاشفہ 4:2۔

23۔ اگر یسوع اوّل و آخر ہے، تو خُدا یسعیاہ 44:6 میں کیوں کہتا ہے کہ وہ اوّل و آخر ہے؟ کیونکہ یسوع پُرانے عہد نامے کا خُدا ہے جو مجسم ہوا۔

24۔ کیا یسوع ابلیس کو کہتا ہے کہ صرف خُدا کی عبادت کی جائے؟ جی ہاں، متی 4:10۔

25۔ کیا ابلیس ایک سے زائد خُدا پر یقین رکھتا ہے؟ جی نہیں، یعقوب 2:19۔

26۔ کیا بائبل کہتی ہے کہ خُدا جو کلام تھا مُجسم ہوا؟ جی ہاں، یوحنا 1:1,14۔

27۔ خُدا کِس مقصد کے لئے مجسد ہوا؟ گُناہگاروں کی نجات کے لئے، عبرانیوں 2:9,14۔

28۔ کیا خُدا کا ظہور بدن میں ہوا؟ جی ہاں، پہلا تمیتھیس 3:16۔

29۔ کیا یسوع آسمان پر اور دُنیا میں ایک ہی وقت میں تھا؟ جی ہاں، یوحنا 3:13۔

30۔ کیا بائبل کہتی ہے کہ صرف ایک ہی خُدا ہے. جی ہاں، یسعیاہ 45:18؛ افسیوں 4:5۔

31۔ کیا بائبل کہتی ہے کہ مسیح ہی خُداوند ہے؟ جی ہاں، لوقا 2:11

32۔ کیا بائبل کہتی ہے کہ خُداوند ہی خُدا ہے؟ جی ہاں، پہلا سلاطین 18:39؛ زکریاہ 14:5؛ اعمال 2:39؛ مُکاشفہ 19:1۔

33۔ یہ کیسے ممکن ہے کہ کلیسا یسوع سے مُنسلک ہوتے ہوئے (متی 16:18) پھر بھی خُدا کی کلیسا ہے (پہلا کرنتھیوں 10:32)؟ کیونکہ یسوع بدن میں ہوتے ہوئے خُدا ہے۔

34۔ کیا خُدا اپنا جلال کسی اور کو دے گا؟ جی نہیں، یسعیاہ 42:8۔

35۔ کیا یہواہ YHVH سے پہلا تشکیل پانے والا کوئی خُدا تھا یا اُس کے بعد کوئی تشکیل پائے گا؟ جی نہیں، یسعیاہ 43:10۔

36۔ وہ ایک شے کیا ہے جو خُدا نہیں جانتا؟ کوئی اور خُدا، یسعیاہ 44:8۔

37۔ وہ کون سی ایک بات ہے جو خُدا نہیں کرتا؟ جھوٹ بولنا، طیطس 1:2۔

38۔ کتنے خُداؤں کے بارے میں ہمیں جانکاری رکھنی چاہئے؟ صرف ایک، ہوسیع 13:4۔

39۔ خُداوند کے کتنے نام ہیں؟ ایک، زکریاہ 14:9۔

40۔ کیا خُداوند کے نام پر سوچنا اچھی بات ہے؟ جی ہاں، ملاکی 3:16۔

41۔ کیا بائبل کہتی ہے کہ اکیلا خُدا ہی سمندر کی لہروں پر پاؤں رکھتا ہے؟ جی ہاں، ایوب 9:8۔

42۔ پھر، یسوع کیونکر گلیل کی جھیل پر چل پایا تھا (متی 14:25)؟ کیونکہ وہ خُدا خالق ہے، کُلسیوں 1:16۔

43۔ کیا اکلوتا خُدا ہی وہ ہے جو ہمارے گُناہوں کو مُعاف کر سکتا ہے؟ جی ہاں، یسعیاہ 43:25؛ مرقس 2:7۔

44۔ پھر، یسوع کیونکر مرقس 2:5-11 میں گُناہ مُعاف کرتا ہے؟ کیونکہ وہ خُدا نجات دہندہ ہے۔

45۔ کیا یسوع سچا خُدا ہے؟ جی ہاں، پہلا یوحنا 5:20۔

46۔ اگر خُدا اور روح القدس دو الگ شخصیات ہیں، تو کونسی مسیح باپ ہے؟ متی 1:20 کہتا ہے کہ روح القدس باپ تھا جبکہ رومیوں 15:6؛ دوُسرا کرنتھیوں 11:31 اور افسیوں 1:3 کہتے ہیں کہ خُدا باپ تھا۔ اِس میں کوئی تضاد نہیں جب ہم محسوس کرتے ہیں کہ خُدا باپ اور روح القدس ایک ہیں اور ایک ہی روح ہیں۔ متی 10:20؛ افسیوں 4:4؛ پہلا کرنتھیوں 3:16۔

47۔ جب پولوس خُداوند سے پوچھتا ہے کہ وہ کون ہے، تو جواب کیا تھا؟ ''میں یسوع ہوں''، اعمال 9:5۔

48۔ جب استفنس مر رہا تھا تو کیا اُس نے خُدا یسوع کو پُکارا تھا؟ جی ہاں، اعمال 7:59۔

49۔ کیا توما نے کبھی یسوع کو خُدا پُکارا تھا؟ جی ہاں، یوحنا 20:28۔

50۔ یسوع کیونکر نجات دہندہ ہوسکتا ہے جبکہ خُدا باپ نے یسعیاہ 43:11 میں کہا تھا "میرے سوا کوئی مُنجی نہیں؟" کیونکہ "خُدا نے مسیح میں ہوکر اپنے ساتھ دُنیا کا میل ملاپ کرلیا"۔ دوُسرا کرنتھیوں 5:19۔

51۔ کیا بائبل کہتی ہے کہ یسوع خُدا ہمارے ساتھ تھا؟ جی ہاں، متی 1:23۔

52۔ کیا یسوع نے کبھی کہا کہ "میں اور باپ ایک ہی ہیں؟" جی ہاں، متی 1:23۔

53۔ کیا کلام مُقدس کی روشنی میں یہ ثابت کیا جاسکتا ہے کہ یسوع اور باپ اُسی طرح ایک ہیں جس طرح شوہر اور بیوی ایک ہیں؟ جی نہیں، خُدا کے سر کا موازنہ کبھی بھی شوہر اور بیوی کے تعلقات کے طور نہیں کیا گیا۔ یسوع نے جس انداز میں باپ کے ساتھ اپنی شناخت کرائی وہ شوہر اور بیوی کبھی بھی نہیں رکھ سکتے۔ یوحنا 14:9-11۔

54۔ کیا بائبل کہتی ہے کہ صرف ایک ہی حکمت والا خُدا ہے، جی ہاں، یہوداہ 25۔

55۔ کیا بائبل روح اُلقدس کو خُدا کے سروں میں دوسری یا تیسری شخصیت پُکارتی ہے؟ جی نہیں۔ روح اُلقدس خُدا کی ایک روح ہے، جو ہماری زندگیوں میں کام کرنے والا اکلوتا خُدا ہے۔ یوحنا 4:24 پہلا کرنتھیوں 3:16-17;6:19;12:13۔

56۔ کیا تثلیث پر عقیدہ رکھنے والے ظاہر کرتے ہیں کہ تین الٰہی شخصیات موجود تھیں جب یسوع یوحنا سے بپتسمہ پاتا ہے؟ بالکل نہیں۔ اکلوتا، ہر جگہ موجود خُدا تین ایک ہی وقت میں واقع ہونے والے ظہور استعمال کرتا ہے۔ صرف ایک الٰہی شخص موجود تھا۔ خُداوند یسوع مسیح۔

57۔ تو پھر دیگر دو کون تھے جن کی تثلیث پر عقیدہ رکھنے والے بات کرتے ہیں؟ ایک آسمان سے آواز تھی، اور دوُسری کبوتر کی شکل میں خُدا کی روح تھی۔ متی 3:16-17۔

58۔ یسوع کے بپتسمہ پرآواز کیا کہتی ہے؟''یہ میرا پیارا بیٹا ہے، جس سے میں خُوش ہوں' مرقس 1:11۔خُدا کا بیٹا ہونے کے ناطے، یسوع واحد مجسد خُدا تھا۔

59۔ کیا بائبل کہتی ہے کہ خُدا نے خُون بہایا اور خُدا نے اپنی زندگی ہماری خاطر دی؟ جی ہاں، اعمال 20:28؛ پہلا یوحنا 3:16۔خُدا ایسا اِس لئے کر پایا تھا کیونکہ اُس نے انسانی شکل لی تھی۔

60۔ بائبل کہتی ہے کہ خُدا اپنے سب برگزیدوں کے ساتھ جلد آنے والا ہے(زکریاہ 14:5)اور یسوع اپنے سب برگزیدوں کے ساتھ جلد آنے والا ہے" پہلا تھسلنیکیوں 3:13)۔کیا دونوں جلد آنے والے ہیں؟ جی نہیں، صرف ایک آنے والا ہے۔۔ ہمارا عظیم خُدا اور نجات دہندہ، یسوع مسیح۔ططس 2:13۔

Apostolische Pfingstgemeinde Mannheim
Friedelsheimerstr. 18-20
D - 68199 Mannheim (Neckarau) /Germany
Pastor Raymond Wey
Assistent Pastor Sascha Wey
www.jesus-is-god.de, www.v-p-m.de